NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ



موسمیاتی تبدیلی پر عملی اقدام

عزیزی نیویارک کے مکین،

میں اکثر طلبا کی روشن آغاز اور تابناک مستقبل سے متعلق ہمارے نصب العین کے بارے میں بات کرتا ہوں، اور جب میں ایسا کرتا ہوں، میں اس دنیا پر غور کرتا ہوں جس میں ہم انہیں داخل ہونے کی تیاری کرا رہے ہیں۔ یہ بہت پیچیدہ ہے اور تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے — اور یہ اپنی بقا کے لیے موسمیاتی تبدیلی کے خطرے کا سامنا کر رہی ہے۔ یہ مسئلہ ہمارے بچوں کا پیدا کردہ نہیں ہے، لیکن یقیناً وہ اسے حل کرنے میں اہم ہوں گے۔

یہی وجہ کہ میں ہمارے پہلی مرتبہ شروع ہونے والے نیویارک شہر پبلک اسکولز کے موسمیاتی عملی اقدامات کے دنوں پر بہت پُرجوش ہوں جو چار دن تک ہوں گے اور ہر دن ایک جدا عنوان کے ساتھ، تاکہ توازن برقرار رکھنے (sustainability) کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے اور ہمارے اسکولوں میں موسمیاتی عملی اقدامات کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

- 6 دسمبر: توانائی
- 7 فروری: بے کار اشیا
- 17 اپریل: صحت، بہبود اور سبز جگہیں
- 12 جون: پانی

موسمیاتی عملی اقدامات کے دنوں میں، ہماری اسکول برادریاں ان موضوعات پر تحقیق کریں گی اور توازن برقرار رکھنے کے بارے میں معلومات حاصل کریں گی، جس کے ذریعے وہ اسکول پر مبنی اہداف قائم کرنے اور عملی قدم اٹھانے کے قابل ہو جائیں گی۔ تیاری کرنے کے لیے، ہمارے دفتر برائے توانائی و توازن کی قیادت میں اساتذہ، اور اسکول کے عملے کے لیے مکمل تین دن کی تربیتیں منعقد کی جائیں گی، کُل تقریباً 750 حصہ لینے والے ہونگے۔ ان معلمین نے اپنے اسکول کی برادریوں کی مناسبت سے ماحولیاتی تبدیلی سے متعلق سرگرمیاں اور پروگرامنگ کی منصوبہ بندی کی ہے، جس کا دائرہ کار "قریب و جوار کی توانائی پر تحقیق" کے فیلڈ ٹرپس، پلاسٹک فری لنچ دن ، بارش کے باغات اور واٹر فلٹر تعمیر کرنے تک وسیع ہے۔

ماحولیاتی تعلیم اور اعمال کے لامحدود طریقے ہیں۔ کیا آپ کو معلوم تھا کہ، شہری محکمئہ صفائی و نکاسی کی ایک 2017 تحقیق کے مطابق، ہمارے اسکولوں سے نکالے گئے 51% کچرے سے کھاد (کمپوزٹ) بنائی جا سکتی ہے اور 35% کو دوبارا استعمال کیا جا سکتا ہے؟ میرے لیے، ان اعداد و شمار کے پیچھے ایک کھلا پیغام ہے: جب بات ماحول اور ایک سبز تر مستقبل کی تعمیر کی ہو، ہم پر بطور ایک اسکول نظام کے، اس راستے کی قیادت کرنے کا ایک موقع—اور ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔

پہلے سے ہی، ہمارے اسکولوں میں 81 سولر تنصیبات کے ساتھ نیویارک شہر پبلک اسکولز اس شہر کے سورج کی توانائی کے اہداف حاصل کرنے میں سب سے بڑا حصہ دار ہے۔ ہم اپنے طرز معاش اور تکنیکی تعلیم کے پروگراموں اور طرز معاش سے منسلک تعلیم کے ذریعے اپنے طلبا کا رابطہ ماحول دوست ملازمتوں کے ساتھ کرا رہے ہیں۔ اور اس تعلیمی سال کے آخر تک، ہمارے اسکول کے پاس ہر کرب سائیڈ پر کمپوزٹ (بِن) کی سہولت موجود ہوگی— اس ملک کا سب سے بڑا اسکول کمپوزٹ پروگرام۔

جیسے جیسے ہم اپنے ماحولیاتی عملی اقدامات کے دنوں کے قریب آتے جا رہے ہیں، میں تمام NYCPS برادری سے شامل ہونے کی استدعا کروں گا۔ اہل خانہ، اپنے بچوں کے اسکولوں سے رابطہ کریں اور 6 دسمبر کو ہونے والے ہمارے پہلے ماحولیاتی عملی اقدامات کے دن کے بارے میں ان کے منصوبوں کے متعلق معلومات حاصل کریں۔ آپ اپنے بچوں کی عمروں کی مناسبت سے کتابی تجاویز کے لیے ہمارے ویب پیج پر بھی جا سکتے ہیں، جو خاص ماحول اور توازن سے متعلق ہے۔

ہمارے اسکول کے عملے سے، آپ کا اس موسم خزاں کے دوران اپنی تمام ان تھک محنت کے ذریعے ماحولیاتی عملی اقدامات کے دنوں کو کامیاب بنانے کا شکریہ۔ میں آپ کو دیکھ رہا ہوں اور میں آپ کی قدر کرتا ہوں۔ آپ کی روایت وہ طلبا لیکر چلیں گے جنہیں آپ نے ہماری دنیا کی حفاظت کرنے کی تحریک دی ہے۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks
چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو بروکلن کالج کے دورے کی یہ وڈیو ملاحظہ کریں، اور یاد رکھیں، CUNY نے اکتوبر کے آخر تک NYCPS کے سینئرز کے لیے درخواست فیس معاف کر دی ہے! ہمارے آخری PS + You شمارے میں مزید تفصیلات موجود ہیں۔

اور یہاں میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔

NYCPS کے اہل خانہ: اگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔